تبصرے

آثاراتِ پھلواری شریف موسوم بہ اعیان وطن

از جناب مولانا حکیم سید شاہ محمد شعیب صاحب نیر تقطیع

کلاں، ضخامت ۴۳۴ صفحات، طباعت و کتابت بہتر قیمت چھ روپیہ، پتہ: مہتمم صاحب دارالاشاعت خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف ضلع پٹنہ۔

پھلواری شریف صوبہ بہار کا مشہور مردم خیز خطہ ہے جہاں بڑے بڑے علماء، صلحاء، اور مشائخ و اولیاء پیدا ہوئے اور جنہوں نے اپنے علمی و عملی اور اخلاقی و روحانی فیوض و کمالات سے پورب کے مسلمانوں کو بڑا فائدہ پہنچایا موجودہ زمانہ میں بھی وہاں کی خانقاہ مجیبیہ صوبہ بہار کے مسلمانوں کے لئے خصوصاً اور دوسرے صوبوں کے مسلمانوں کے لئے عموماً مرجع خواص و عوام ہے۔ اہلِ دین اور اربابِ ولایت کے علاوہ اس قصبہ نے جدید تعلیم کی بھی بہت سی نمایاں شخصیتیں پیدا کیں جو اگرچہ جدید تعلیم کی پیداوار تھیں لیکن چوں کہ ان کی تعلیم و تربیت کا سامان خانقاہ مجیبیہ کی ہی طرف سے اور اسی کے زیر اثر ہوا تھا اس بنا پر بڑے بڑے سرکاری عہدوں پر فائز ہونے کے باوجود ان میں بھی وہی اسلامی اخلاق و آداب اور وہی مکارم و اطوار تھے جو صلحا کا شعار ہیں ضرورت تھی کہ اس قصبہ کے ان بزرگوں کے حالات و سوانح مرتب کئے جاتے تاکہ اخلاف کے لئے وہ سرمایۂ عبرت و بصیرت ہوتے اور تاریخ کے ایک اہم گوشہ کی بھی خانہ پری ہوتی، خوشی کی بات ہے۔ کچھ اس ضرورت کی طرف مولانا حکیم سید شاہ محمد شعیب صاحب نے توجہ فرمائی جو ایک ممتاز عالم و فاضل اور خانقاہ کے تربیت یافتہ خصوصی ہونے کے علاوہ تذکرہ نویسی کا صاف ستھرا اور سنجیدہ ذوق بھی رکھتے ہیں، چنانچہ زیر تبصرہ کتاب میں جو پھلواری شریف کی تقریباً دو سو سال کی